پیش لفظ

شماریاتی ضمیمہ معیشت کے ان تقریباً تمام شعبوں کے بارے میں مفصل و جامع اعداد وشمار فراہم کرتا ہے جن کا احاطہ **بینک دولت پاکستان کی سالانہ رپورٹ، پاکستانی معیشت کا جائزہ، جلد اوّل، 11-2010**ء میں کیا گیا ہے۔ ضمیمے میں درج اعداد وشمار کا مقصد رپورٹ کے تجزیوں کو ٹھوس بنیاد فراہم کرنا اور قارئین کو معیشت کا تفصیلی تجزیہ کرنے کے قابل بنانا ہے۔

شماریاتی ضمیمے میں معاشی نمو، بچت، سرمایہ کاری، قیمتوں، سرکاری مالیات، زر اور قرضے، بینکاری نظام، بازار سرمایہ، ملکی و بیرونی قرض، توازن ادائیگی، بیرونی تجارت اور سماجی شعبے کی ترقی سے متعلق اعداد وشمار ہیں۔ کوشش کی گئی ہے کہ معیشت کے مختلف شعبوں کے بارے میں صحیح اور تازہ ترین اعداد وشمار شامل کیے جائیں۔ امید ہے کہ یہ ضمیمہ معلومات کا مفید ذریعہ ثابت ہوگا اور محققین اور پالیسی سازوں کی ضروریات پوری کرے گا۔ ضمیمے کے لیے اعداد وشمار متنوع ذرائع اور سرکاری اداروں اور اسٹیٹ بینک کے مختلف شعبوں کے تعاون سے حاصل کیے گئے ہیں جس پر وہ شکریے کے مستحق ہیں۔ ضمیمہ بروقت تیار کرنے پر ٹیم کے ارکان کی کوششیں لائق تحسین ہیں۔

مزید بہتری کے لیے تبصروں اور تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا۔

ڈاکٹر عزیز اللہ خٹک
ڈائریکٹر
شعبہ شماریات

اظہارِ تشکر

اس ضمیمے کی تیاری میں رہنمائی کرنے پر ڈائریکٹر ڈاکٹر عزیز اللہ خٹک اور ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈاکٹر اسحاق احمد انصاری کا شکریہ ٹیم پر واجب ہے۔ ہم بینک دولت پاکستان کے ان شعبوں کے شکرگزار ہیں: شعبہ مالیات، شعبہ فاصلاتی نگرانی ونفاذ، ایس بی پی بی ایس سی (بینک)، شعبہ انفراسٹرکچر اور مکاناتی مالکاری، شعبہ ایس ایم ای مالیات، شعبہ زرعی قرضہ و خرد مالکاری، شعبہ نظام ادائیگی، شعبہ ملکی بازار و زری انتظام۔ علاوہ ازیں ہم اعداد و شمار کی فراہمی میں قابل قدر تعاون پر وفاقی دفتر شماریات، کراچی اسٹاک ایکسچینج، وزارت خزانہ، فیڈرل بورڈ آف ریونیو، ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان، مرکزی محکمہ قومی بچت کے بھی شکر گزار ہیں۔ شعبہ شماریات کے تمام یونٹوں اور ڈویژنوں کا بھی شکریہ کہ انہوں نے ضمیمے کے لیے جداول کی صورت میں خام مواد فراہم کیا۔

ٹیم